نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority)
سیکشن 8 (Section 8) پروگرام اپڈیٹ
XX مئی 2020

COVID-19 کی ایمرجنسی کی موجودہ حالت کے دوران، نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA) ناول کورونا وائرس (COVID-19) کی صورتحال پر نظر رکھنے اور کسی ایگزیکیٹو آرڈر کی پابندی کرنے کے لیے نیو یارک سٹی کے محکمۂ صحت اور حفظان ذہنی صحت (Department of Health and Mental Hygiene, DOHMH) کے ساتھ قریبی رابطہ میں رہ کر مسلسل کام کر رہی ہے۔ اس کے علاوہ، ہم امریکی محکمہ برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ (Housing and Urban Development, HUD) سے جاری شدہ تمام رہنمائی پر نظر رکھ رہے ہیں اور ان کی پابندی کر رہے ہیں۔

چونکہ ہمارے ملازمین، پراپرٹی مالکان، اور شرکاء کی صحت و سلامتی ہماری اولین ترجیح ہے، لہذا جب تک سٹی کو ہنگامی حالت کا سامنا ہے تب تک ہمارے واک ان سنٹرز عوام کے لیے بند رہیں گے۔ تاہم، آنر ایکسٹرانیٹ (Owner Extranet) اور سیلف سروس پورٹل (1) (Self-Service Portal) درخواستوں اور دستاویزات کی آن لائن جمع آوری؛ (2) اسٹیٹس اپ ڈیٹس؛ اور (3) کیس کی عمومی معلومات کے لیے دستیاب رہیں گے۔ آنر ایکسٹرانیٹ اور سیلف سروس پورٹل تک اسمارٹ فون، ٹیبلٹ یا کمپیوٹر سے آن لائن رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

آپ کی سہولت کے لیے، ہم نے یہ بتانے کی خاطر ذیل کی جامع اپ ڈیٹ تیار کی ہے کہ اس وقت سیکشن 8 کی کارروائیوں کا نظم کس طرح کیا جا رہا ہے۔

اہلیت کے انٹرویوز	• اہلیت کے انٹرویوز فون پر ہوں گے۔ • منظور ہو جانے پر، واؤچر selfserve.nycha.info پر سیلف سروس پورٹل سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ • واؤچر کی میعاد ختم ہونے پر واؤچر کی توسیعات خود بخود منظور ہو جائیں گی۔
بے دخلیاں	• NYCHA اس وقت عدم ادائیگی کے مدنظر کسی بھی بے دخلی کی بنیاد کے لیے اسناد کو منظور نہیں کرے گی۔ جائزے 20 اگست 2020 کو یا اس کے آس پاس پھر سے شروع ہوں گے۔
ہاؤسنگ کوالٹی اسٹینڈرڈز (Housing Quality Standards, HQS) کے معائنے	• NYCHA اگلے نوٹس تک HQS کے معائنے انجام نہیں دے رہی ہے۔ • NYCHA مالک کی تصدیق کو ابتدائی معائنوں (جیسے نئے رینٹلز، منتقلی اور بحالی) کے لیے اور شروع میں ناکام ہو جانے والے معائنوں کو صرف غیر جان لیوا حالات کے لیے قبول کرے گی۔ • NYCHA عارضی طور پر، اگلے نوٹس تک، جان لیوا ("24 گھنٹے") HQS کی خلاف ورزیوں کے مدنظر مکمل شدہ مرمتوں کی توثیق کی ایک متبادل شکل قبول کرے گی۔ • غیر جان لیوا HQS کی خلاف ورزیوں کے مدنظر معطلی کے وقت کو اگلے نوٹس تک بڑھا دیا گیا ہے۔ اکثر پوچھے گئے سوالوں کے جوابات کے لیے براہ کرم HQS میں عارضی پروگرام کی تبدیلیوں سے متعلق FAQs سے رجوع کریں (https://eapps.nycha.info/Owners/Docs/COVID-19/HQS-Program-Update-FAQs-for-Owners-FINAL.pdf)۔
غیر رسمی کانفرنسیں	• درخواست کردہ غیر رسمی کانفرنسیں فون پر ہوں گی۔
لیز کی تجدید اور کرایے کے معاہدے میں تبدیلیاں	• عرضیاں آنر ایکسٹرانیٹ، ڈاک (پتہ ذیل میں درج ہے)، اور lrinfo@nycha.nyc.gov پر ای میل کے ذریعے قبول کی جاتی ہیں۔
ملکیت میں تبدیلیاں	• ملکیت میں تبدیلیاں، بشمول پتہ اور ڈائریکٹ ڈیپازٹ میں تبدیلیاں، آنر ایکسٹرانیٹ، ڈاک (پتہ ذیل میں درج ہے)، 1-866-794-0744 پر فیکس اور s8.vcu@nycha.nyc.gov پر ای میل کے ذریعے جمع کرائی جا سکتی ہیں۔
معقول سہولیات	• معقول سہولیات کی درخواست سیلف سروس پورٹل کی معرفت (selfserve.nycha.info) پر کی جا سکتی ہے۔ • NYCHA نے شرکاء کی معقول سہولت کی درخواستوں کا جائزہ لینے کے لیے مطلوب کوئی اضافی دستاویزی شہادت جمع کرانے کے لیے انہیں اضافی 30 دن فراہم کیے ہیں۔

	• NYCHA حسب ضرورت، معاون دستاویزی شہادت حاصل کرنے کے لیے وقت میں اضافی توسیع کو منظور کرکے یا بذریعہ ای میل یا بذریعہ فون طبی توثیق حاصل کرکے دستاویزات حاصل کرنے کے لیے دیگر سہولیات فراہم کرے گی۔ • کارروائی کو تیزگام کرنے میں مدد کے لیے، NYCHA درج ذیل سہولیات کے لیے کوئی معاون دستاویزی شہادت طلب نہیں کر رہی ہے: واؤچر میں توسیع اور درخواستیں 5 بورو کے لیے یا پورٹیبلیٹی ٹرانسفرز (لیز ہونے کی تاریخ کے بعد 10 ماہ سے اوپر)۔
دوبارہ تصدیقات	• آمدنی سے محرومی کی رپورٹ سیلف سروس پورٹل (selfserve.nycha.info) کی معرفت یا سالانہ جائزہ (AOI) والی درخواست کے لیے ذیل میں درج پی او باکس کی معرفت کی جا سکتی ہے۔ • NYCHA ادائیگی پرچیوں اور/یا آجر کے خطوط کی غیر موجودگی میں آمدنی کی از خود تصدیق قبول کرے گی۔ • سالانہ اور عارضی دوبارہ تصدیقات (Recertifications) جن کے نتیجہ میں کرایہ دار کے کرایہ شیئر میں اضافہ ہوتا ہے ان پر بعد کی کسی تاریخ سے عمل درآمد کیا جائے گا۔ یہ اس مدت کے دوران گھرانوں کے لیے فوری اضافے کو روک دے گا۔
رینٹل پیکج کی واپسی	• رینٹل پیکجز بذریعہ ڈاک (پتہ ذیل میں درج ہے) یا s8.rtu@nycha.nyc.gov پر ای میل کے ذریعے قبول کیے جائیں گے۔ • NYCHA فیملی کے اتحاد پروگرام (Family Unification Program, FUP) والے 26 سال تک عمر کے نوجوانوں کے لیے رینٹل پیکجز قبول کرے گی۔
بحالی کی درخواستیں	• NYCHA بحالی کی درخواستوں پر کارروائی جاری رکھے گی۔ درخواستیں بذریعہ ای میل S8.info@nycha.nyc.gov پر بھیجی جا سکتی ہیں۔
ٹرانسفر کی درخواستیں	• ٹرانسفر کی درخواستوں پر کارروائی کی جا رہی ہے۔ تاہم، میل میں ٹرانسفر واؤچرز موصول کرنے میں تاخیر ہوگی۔ براہ کرم اگر ممکن ہو تو گاہے گاہے سیلف-سروس پورٹل کی جانچ کریں جہاں آپ واؤچرز پرنٹ کر سکیں گے۔ • واؤچر کی میعاد ختم ہونے پر واؤچر کی توسیعات خودکار ہوں گی۔
برخاستگیاں	• سٹی کو ہنگامی حالت کا سامنا رہنے کے دوران کم از کم 60 دنوں تک برخاستگی کی کارروائیاں معطل کر دی گئی ہیں۔ حسب ضرورت اس مقررہ وقت کی قدر پیمائی کی جائے گی۔ اس میں سالانہ نئی توثیق، تفتیش، اور فریب سے متعلق منسوخی کی کارروائیاں شامل ہیں۔

نوٹ: براہ کرم جان لیں کہ اس ہنگامی حالت کے دوران، کارروائی کے اوقات، بشمول دستاویزات کی پرنٹنگ اور میلنگ میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ براہ کرم اسٹیٹس اپ ڈیٹس کے لیے اور کوئی درکار دستاویزات پرنٹ کرنے کے لیے سیلف سروس پورٹل اور آنر ایکسٹرانیٹ کو گاہے ملاحظہ کریں۔

کیا آپ کے پاس سوالات ہیں؟

معائنہ کے نتائج، معطلی کے حالت، اور جمع کرائی گئی تصدیقات کی حالت وغیرہ کی بابت معلومات کے لیے براہ کرم آنر ایکسٹرانیٹ ملاحظہ کریں۔ فوری توجہ طلب امور کے لیے، آپ ہم سے s8.info@nycha.nyc.gov پر بذریعہ ای میل رابطہ کر سکتے ہیں (براہ کرم نوٹ کر لیں کہ بڑھتی تعداد کے سبب جواب کے اوقات میں تاخیر ہو سکتی ہے)۔

سیکشن 8 کے جن شرکاء کی رسائی انٹرنیٹ تک نہیں ہے ان کے لیے میل ان آپشنز:

سالانہ جائزہ (AOI) کی دستاویزات	PO Box 19196 Long Island City, NY 11101-9196
رینٹل ٹرانسفر کی دستاویزات	PO Box 19199 Long Island City, NY 11101-9199
خطوط یا سوالات	PO Box 19201 Long Island City, NY 11101-9201
منتقلی کی دستاویزات	PO Box 1631 New York, NY 10008-1631